**CCE PF**
**CCE PR**

# Code No. 12-U

# Subject : First Language – URDU

**( New Syllabus )**

**( Private Fresh + Private Repeater )**

**عام ہدایات :**

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی اور موضوعی قسم کے جملہ 63 سوالات ہیں۔

ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iv) سوال مع جواب کے کتابچہ تین حصّوں پر مشتمل ہے۔ حصّہ 'الف'، حصّہ 'ب'، اور حصہ 'ج'۔

v) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

vi) پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی ( سوائے گرافوں، ڈائگراموں اور میپوں کے )۔

vii) کثیر انتخابی/معروضی اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں جوابات کو کُھر چنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

viii) درست اِملا اور خوشخطی کا خاص خیال رکھیں۔

ix) سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

x) بائیں جانب کے حاشئے میں مہیا کردہ جگہ میں کچھ نہ لکھیں۔

## PART-A/حصّہ -الف

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 15 × 1 = 15

1. دمِ وداع شاعرہ صغریٰ عالم کس سے بخشش کی طلب گار ہیں ؟

2. حجۃ الوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی ؟

3. بچوں کو اماں سے بدلہ لینا ہوتا تو وہ کیا کرتے ؟

4. مزدلفہ میں قیام کے دوران حضورؐ نے کون کونسی نمازیں ایک ساتھ ادا کیں ؟

5. پرنسپل کی وصیت کے مطابق آنکھیں کس کو دی گئیں ؟

6. خزاں کے رُخ پہ زردی کیوں چھائی ہے ؟

7. پنڈت نہرو اپنے پورے نام کا املا کس طرح لکھا کرتے تھے ؟

8. تاریخ میں آج بھی کس بات کا ماتم کیا جاتا ہے ؟

9. دائی کی بات سُن کر شاعر فراؔق گورکھپوری کے دل میں کیا خیال پیدا ہوا ؟

10. مچھر کو کوئی طوفان کیوں ختم نہیں کر سکتا ؟

11. امیر خسرو نے کم عمری میں کونسا فن سیکھا ؟

12. صف باندھنے کے بعد کیوں غُل مچا ؟

13. رباعی میں کتنے مصرعہ پائے جاتے ہیں ؟

14. امیر خسرو نے ابتداء میں کیا تخلص اختیار کیا ؟

15. ابتداء میں نسل آدم کو کیا آزادیاں تھیں ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات **دو یا تین** جملے میں لکھئے : 12 × 2 = 24

16. پطرس بخاری کو آخر کار کس طرح اپنی بیداری کا قائل ہونا پڑا ؟

17. زعفران میں کون کونسے کیماوی اجزاء پائے جاتے ہیں ؟

18. بہار کے موسم میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟

19. دنیا کے کونسے ممالک میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے ؟

20. نظم جگنو میں یتیم بچّے کی بے چینی کا اظہار کس طرح کیا گیا ہے ؟

21. اعجاز حسنی نے سماج کی کس بُرائی کی جانب اشارہ کیا ہے ؟

22. مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟

23. ملک کی سرحدوں میں بڑے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟

24. ودیا چرن جی کون تھے اور ان کا کارنامہ کیا تھا ؟

25. بہار کے آنے سے پہاڑوں میں کیا تبدیلی آئی ؟

26. ایام جاہلیت کے رسم ورواج کے تعلق سے حضورؐ نے کیا ارشاد فرمایا ؟

27. شاعر دلاور فگار نے انسان کو انسان کا قاتل کیوں کہا ہے ؟

درج ذیل جملوں کی بحوالہ متن تشریح کیجئے : 8 × 3 = 24

28. ''لوگو امن وسکون کے ساتھ، لوگو امن وسکون کے ساتھ''

29. ''اس کے کھانے سے کوئی بیماری پاس نہیں بھٹکتی''

30. ''یقیناً میں نے کہا ہے موجودہ گورنمنٹ ظالم ہے''

ذیل میں کسی ایک کا تعارف لکھئے :

31. (i) پطرس بخاری (ii) زہرہ جمال

ذیل میں کسی ایک کا تعارف لکھئے :

32. (i) میر انیسؔ (ii) مرزا غالبؔ

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

33. تیرے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

34. سب کا مداوا کر ڈالا اپنا ہی مدوا کر نہ سکے
سب کا تو گریباں سی ڈالے اپنا ہی گریباں بھول گئے

35. ہنگامہ زار عشق میں کیا کچھ نہیں ہوا
پھولوں سے نرم لوگ بھی پتھر میں ڈھل گئے

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

36. مصنف صبح جاگنے کے بعد اپنے دل کو کس طرح بہلانے کی کوشش کرتا ہے ؟

37. مرثیہ کی تعریف کیجئے اور اسکی قسمیں بتایئے ۔

درج ذیل سوالوں کے تفصیلی جوابات لکھئے : 1 × 4 = 4

38. حمد یا نعت کے چار اشعار اپنی یاداشت کی مدد سے لکھئے ۔

کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے : 1 × 4 = 4

39. (i) رشوت (ii) آمدِ بہار

40. امیر خسرو سے متعلق ایک مختصر نوٹ لکھئے۔ $2 \times 4 = 8$

41. جواہر لال نہرو کی اردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

یا

زعفران کے استعمال کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟

## PART-B / حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں : $10 \times 1 = 10$

42. اُردو شاعری کی مقبول ترین صنف کی نشاندہی کیجئے

A) رباعی B) مرثیہ

C) غزل D) قصیدہ

43. رباعی کا وہ مصرعہ جو قافیہ اور ردیف کا پابند نہیں ہوتا

A) پہلا B) دوسرا

C) تیسرا D) چوتھا

44. ''یوم دین'' سے مراد ہے

A) وحشت کا دن B) حشر کا دن

C) خوشی کا دن D) ملاقات کا دن

45. کسی واقعہ، کیفیت یا صورت حال کی خبر دینے والے جملے کو کہتے ہیں

A) جملہ انشائیہ B) جملہ خبریہ

C) جملہ فعلیہ D) مقطع

46. ''پامال'' کا مترادف لفظ ہے

A) آباد B) خوشی

C) برباد D) بدلہ

47. درج ذیل سے لاحقے کی نشاندھی کیجئے

A) ناپاک B) روشناس

C) بدکار D) لاجواب

48. درج ذیل شعر میں استعمال شدہ صفت کی نشاندہی کیجئے :

پتہ پتہ ، بوٹا بوٹا ، حال ہمارے جانے ہے

جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

A) صفت تلمیح B) صفت کنایہ

C) صفت استعارہ D) صفتِ تکرار

49. علامہ اقبال کا مجموعہ کلام نہیں ہے

A) بانگ درا B) آل جبرئیل

C) ضرب کلیم D) بال جبرئیل

50. ''ایک آنکھ سے دیکھنا'' اس محاورے کے معنی ہیں

A) سب کو الگ الگ نظریہ سے دیکھنا B) سب کو یکساں سمجھنا

C) ایک آنکھ بند کر کے دیکھنا D) نظر لگانا

51. صورت کے اعتبار سے جملے کی کتنی قسمیں ہیں ؟

A) ایک B) چار

C) تین D) دو

پہلے دولفظوں میں جس طرح کا جوڑ اور مناسبت ہے اسی طرح کا جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لگایئے : 4 × 1 = 4

.52 جگنو : فراق گورکھپوری : : مرثیہ = ..................

.53 رونق : بےرونق : : خوبصورت = ..................

.54 عرض : گذارش : : ارض = ..................

.55 احمق : احمقانہ : : ناصح = ..................

درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 3 × 2 = 6

.56 رباعی کی تعریف کیجئے۔

.57 مرکب جملے کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجئے۔

.58 صفت تلمیح کسے کہتے ہیں ؟ مثال کے ذریعہ لکھئے۔

درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

.59 مضمون کی تعریف کیجئے اور کُل کتنے حصّے ہیں اور کونسے ؟

.60 صفت تضاد یا صفت تشبیہ کی تعریف کرتے ہوئے مثال پیش کیجئے۔

## PART-C/حصّہ-ج

.61 اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں اسکول کے سالانہ جلسے میں شرکت کا ذکر ہو۔ 1 × 5 = 5

**یا**

اپنی سہیلی/ دوست کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

.62 کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 5 = 5

(i) میرا پسندیدہ مشغلہ

(ii) موبائل کے فائدہ اور نقصانات

درج ذیل عبارت کو بغور پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابا مختصر لکھئے : 4 × 1 = 4

63. فن تاریخ نویسی مسلمانوں کا خاص فن رہا ہے۔اس فن کو پروان چڑھانے میں عربوں نے کارہائے نمایاں انجام دئے ہیں جسے دنیا فراموش نہیں کرسکتی۔تاریخ کے درست ہونے کے لئے انہوں نے دو چیزوں کو لازمی قرار دیا۔ پہلا سنہ اور دوسرا وقت یا زمانے کا تعین اسی دور میں تدوین احادیث سنہ کا با قائدہ علم وجود میں آیا۔لیکن عربوں نے ہجری کی ابتدا کی جو اسلامی تقویم میں آج بھی رائج ہے۔ابن خلدون نے تاریخ کی بنیاد رکھی۔

i) تاریخ نویسی کس کا خاص فن رہا ہے ؟

ii) کس نے تاریخ نویسی میں کارہائے نمایاں انجام دئے ہیں ؟

iii) تاریخ کی بنیاد کس نے رکھی ؟

iv) تاریخ کے درست ہونے کے لئے عربوں نے کن دو چیزوں کو لازمی قرار دیا ہے۔